Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ رجب ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۹ مئی ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر لیڈی ڈاکٹر صاحبہ	۱ و ۲
۲	اضافہ عہدہ چپڑاسی شفاخانہ	۲
۳	نقشہ زنخانہ جات	ضمیمہ
۴	روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ	〃

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

تقرر

۲۰ مئی ۱۹۱۶ء

حسب ملاحظہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مس ایف مرون اسمتھ لیڈی ڈاکٹر کا تقرر بشاہرہ تین سو روپیہ ماہوار و تیس روپیہ ماہوار بابت کیرج الاؤنس بعہدہ لیڈی ڈاکٹر شفاخانہ زنانہ ۱۸ مئی ۱۹۱۶ء سے منظور کیا گیا۔

لیڈی ڈاکٹر سے جو معاہدہ ہوا ہے وہ شامل کاغذات ہو۔

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری صاحب

اضافہ

۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۲ء

حسب سفارش جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص بوجہ حسن انجام خدمات سابق رسباق سے عزیز احمد خان اہلمد پیشی فیل خانہ مشاہرہ دار دس روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۲ لغایت ۲۸ مئی سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۹ ما ر	۰	۱۰ و ۱۱ ما ر	۱۱ ما ر	۱۱ ما ر	۰	
نخود خالص	۱۱ ما ر	۰	۰۱۲ ما ر	۱۲ ما ر	۱۲ ما ر	۰	
نخود کس آمیز	۱۲ ما ر	۰	۱۳ ما ر	۰۱۲ ما ر	۰۱۳ ما ر	۰	
کسہ	۰	۰	۱۳ ما ر	۱۳ ما ر	۰۱۳ ما ر	۰	
ماش	۰۸ ما ر	۰	۰۷ ما ر	۰۷ ما ر	۸ ما ر	۰	
مونگ	۰۷ ما ر	۰	۰۷ ما ر	۰	۸ ما ر	۰	
مکا	۱۵ ما ر	۰	۱۶ ما ر	۰۱۷ ما ر	۱۸ ما ر	۰	
جئی	۱۲ ما ر	۰	۱۴ ما ر	۱۵ ما ر	۰۱۴ ما ر	۰	
گوجئی	۰	۰	۱۲ ما ر	۰۱۲ ما ر	۱۳ ما ر	۰	
مسور	۹ ما ر	۰	۱۰ ما ر	۹ ما ر	۱۱ ما ر	۰	
ارہر	۱۲ ما ر	۰	۱۱ ما ر	۰	۸ ما ر	۰	
برنج	۶ ما ر	۰	۶ و ۶۰ و ۶ ما ر	۶ ما ر	۶ ما ر	۰	
روغن زرد	۱۲/ ما ر	۰	۳ ما ر	۳ ما ر	۰ و ۲/۱۱ ما ر	۰	
روغن سیاہ	۲ ر ما ر	۰	۰۲ ما ر	۲ ما ر	۲ ما ر	۰	
روغن کنجد	۲ ما ر	۰	۲ ما ر	۱ ما ر	۰۱ ما ر	۰	
نمک سانبھر	۱۱ ما ر	۰	۱۴ ما ر	۱۲ ما ر	۱۲ ما ر	۰	
نمک لاہوری	۸ ما ر	۰	۱۱ ما ر	۸ ما ر	۱۰ ما ر	۰	
قند سیاہ	۵ ما ر	۰	۵ ما ر	۵ ما ر	۵ ما ر	۰	
باجرہ	۱۰ ما ر		۱۲ ما ر	۰	۱۲ ما ر	۰	

روئداد جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ من ابتدائے ۱۵ اپریل ۱۹۱۶ء
جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہ نیابت پریذیڈنٹ کمیٹی

ممبران جلسہ شریک ملازمین

۱- خان بہادر سید رضا حسین صاحب بہادر — مجسٹریٹ ضلع
۲- صاحبزادہ سید قدرت علی خان صاحب بہادر — میونسپل افسر
۳- مولوی محمد فخری صاحب
۴- پنڈت ڈوری لال صاحب — بخشی فوج
۵- محمد فیاض حسین خان صاحب — پیشکار

امور تصفیہ طلب

۱- تخمینہ بابتہ تیاری کھرنجہ معہ نالی پختہ محلہ لال مسجد تھانہ محمد سعید طریق حسب درخواست سید فیاض حسین ساکن لال مسجد تعدادی ۵ؔ

۲- تخمینہ بابتہ درستی پلیہ متصل باغ عبداللہ خان نزد قبلخانہ جدید تعدادی ... حسب نوٹ صاحب میونسپل افسر مورخہ ۱۴ اپریل ۱۹۱۶ء

۳- تخمینہ بابت تیاری نالی جدید سڑک پختہ جیل پیش مقبرہ نواب محمد علی خان صاحب بہادر مرحوم حسب رپورٹ سب اوورسیر میونسپلٹی تعدادی ... بحکم اجلاس اعلیٰ۔

۴- تخمینہ تعمیر نالی جدید و کہنہ نالی کہنہ متصل مکان حکیم الیاس صاحب تعدادی ...

۵- تخمینہ بابتہ تیاری کھرنجہ جدید متصل زیارت ڈپ خرد و سڑک پختہ راجدوارہ واقعہ تھانہ گنج حسب نوٹ بخشی صاحب فوج مورخہ ۱۴ اپریل ۱۹۱۶ء و درخواست مثل بہاری لال وغیرہ معہ داران تعدادی ...

ممبران جلسہ شریک غیر ملازمین

۱- عطاء اللہ خان صاحب — ممبر
۲- محمد احسن صاحب وکیل — ممبر
۳- مولوی اعجاز حسین صاحب وکیل — ممبر
۴- لالہ ہرنام سنگھ صاحب — ممبر
۵- چودھری شنی لال صاحب — ممبر
۶- لالہ رام کنوار صاحب — ممبر

تجویزات کمیٹی

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ کام ضروری ہے تخمینہ کی منظوری دیجائے کام ریول کراکے عمدہ بنوایا جائے جسکے ذمہ دار سب اوورسیر میونسپلٹی ہیں

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ صاحب میونسپل افسر کے نوٹ کے بموجب کام ضروری ہے تخمینہ کی منظوری دیجائے۔ ریلیاں جو گودام میونسپلٹی میں موجود ہیں وہ پختہ کراکے نصب کرادیجائیں۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام ضروری ہے منظوری ہونا چاہئے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ نالی کا ڈھال خراب ہے۔ تخمینہ کی منظوری دیجائے۔

آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ تخمینہ کی منظوری دیجاوے کام ضروری ہے سب اوورسیر میونسپلٹی کو ذمہ دار کردیا جائے کہ لیول ٹھیک ہو، چاہئے بعد تعمیر ذریعہ مشک پانی ڈلواکر دیکھا جائیگا کہ ڈھال ٹھیک ہے یا نہیں اگر ڈھال میں خرابی ہوئی تو سب اوورسیر اسکے جوابدہ ہونگے۔

۶- تخمینہ مرمت گڈھا متصل دوکان بر مکان کرامت اللہ خان مرحوم حسب نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء تعدادی [illegible]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ کام ضروری ہے تخمینہ کی منظوری دیجاوے۔
۷- تخمینہ بابتہ کھرنجہ جدید مع نالی واقعہ محلہ چوک محمد سعید خان تعدادی [illegible]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ یہ کام غیر ضروری ہے امسال جو ضروری کام ہیں وہ تعمیر ہونا چاہئیں خارج ہوکر داخلہ دفتر ہو۔ اور سررشتہ میونسپلٹی میں یہ ضروری کام سمجھا جاویگا تو غور کیا جاویگا
۸- تخمینہ تیاری کھرنجہ و نالی متصل زیارت میاں امیر شاہ صاحب محلہ جھنڈہ بڑے پیر صاحب تھانہ پیلا تالاب حسب نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء تعدادی [illegible]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے قرار پائی کہ موجودہ کھرنجہ خشت خورد کافی ہے امسال جدید تعمیر ہونیکی ضرورت نہیں ہے خارج ہوکر داخلہ دفتر ہو۔ اور سررشتہ میونسپلٹی میں ہی اگر روپیہ بچا تو غور کیا جاویگا
۹- تخمینہ بابتہ مرمت و تیاری دو دیوارہائے مارو مل کلان متصل جھنڈہ بڑی تکیہ حسب نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء تعدادی [illegible]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ پانی کے نکاسی کا انتظام ہو۔ کنکریٹ تخمینہ میں نہیں ہے کنکریٹ بھی تخمینہ میں درج ہوکر پھر تخمینہ پیش ہونا چاہئے جسپر تجویز کیجاویگی تخمینہ بغرض تعمیل واپس سررشتہ میونسپلٹی کے پاس ہو
۱۰- تخمینہ بابتہ تیاری کھرنجہ جدید از سڑک پختہ شاہ آباد دروازہ تا کھرنجہ کنڈہ کوچہ نافذہ تعدادی [illegible] مع نقشہ موقعہ۔	آج یہ تخمینہ بعد ترتیب ہونے نقشہ کے کہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر موقعہ کا ملاحظہ فرمائیں اوسکے بعد کوئی تجویز کیجاوے گی۔
۱۱- تخمینہ بابت تیاری بلند کرانے کھرنجہ زیر کوٹھی بہو خان تا مکان صاحبزادہ سید حسن صاحب بہادر تعدادی [illegible] مع نقشہ موقعہ	آج یہ تخمینہ بعد ترتیب نقشہ دوسری مرتبہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر موقعہ کا ملاحظہ فرمائیں اوس کے بعد کوئی تجویز کیجاویگی۔
۱۲- تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ جدید واقعہ محلہ جھنڈہ بڑے پیر صاحب از پلیہ نالہ متصل باغیچہ چھوٹے میاں حسب نوٹ محمد احسن خان صاحب ممبر حلقہ مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء تعدادی [illegible]	آج یہ تخمینہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ امر قرار پایا کہ پلیہ کا نقشہ پاس کراکے بعد منظوری کام پلیہ کا جاری کردیا جائے۔ کھرنجہ کا جناب صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر ملاحظہ فرمائیں اوسکے بعد تجویز ہونا چاہئے۔
۱۳- تخمینہ بابت تیاری کھرنجہ و نالی جدید متصل مکان مولوی محمد افضل خان صاحب وکیل محلہ شاہ آباد دروازہ واقعہ تھانہ گوجر ٹولہ مع نقشہ موقعہ تعدادی [illegible]	آج بعد ترتیب نقشہ یہ تخمینہ کہ جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہوکر بالاتفاق یہ قرار پائی کہ جناب صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر موقعہ ملاحظہ فرمائیں اوسکے بعد کوئی تجویز ہونا چاہئے۔